Vol. II
No. 10

Tuesday
22nd September, 1953

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, The 22nd Seprember, 1953,

The House met at Two of the Clock

[Mr. Speaker in the Chair]

QUESTIONS AND ANSWERS

(*See Part I*)

Recommendations of the Business Advisory Committee

Mr. Speaker : I have to inform the House of the decision taken by the Business Advisory Committee at its last meeting. It has been agreed upon to have the hours of business of the House daily from 2-30 p.m. to 8.0 p.m. with a recess of half-an-hour at 4-30 p.m.

بزنس کمیٹی نے یہ طے کیا ہے کہ اجلاس ڈھائی بجے سے شروع ہوکر ۸ بجے ختم ہو اور درمیان میں آدہ گھنٹہ چھٹی رہے -

The Committee has also decided on the analogy of Parliament to have only five working days in a week having a holiday on Saturday as well.

ابتک ھاؤس صرف سنڈے (Sunday) کو بند ہوتا تھا۔ اب سیٹرڈے (Saturday) کو بھی بند ہوگا کیونکہ پارلیمنٹ میں بھی یہی پریکٹس (Practice) ہے- البتہ سیاٹرڈے کی ھالی ڈے کے سلسلہ میں میں یہ بتلانا چاھتا ہوں کہ اسکی غرض یہ ہے کہ بلس ٹھیک طور پر دیکھے جاسکیں اور ڈسکشن (Discussion) اچھی طرح ہوسکے - ڈسکشن ٹودی پوائینٹ (To the point) ہو اور اسکا معیار اونچا رہے -

25th September 1953 has been fixed for discussion on the Report of the Select Committee on the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Bill, 1953. Notices of amendments, if any, to the Bill as amended by the Select Committee should be given in the Notice Office before Noon on 25-9-1953. The Bill will be taken up for consideration clause-by-clause on 28-9-1953.

ٹیننسی بل سے متعلق امنڈمنٹس کی نوٹس دینے کے لئے ۲۰ تاریخ رکھی گئی ہے - مجھ سے یہ کہا گیا ہے کہ بلس یکے بعد دیگرے آرہے ہیں ممبرس کو ان پر غور کرنے کے لئے کافی موقع نہیں ہے - میں نے یہ طے کیا ہے کہ ۲۰ سپٹمبر تک ۱۰ کلازس (Clauses) تک امنڈمنٹس آجائیں - ۲۰ تاریخ سے ان پر ڈسکشن شروع ہوجائیگا - بقیہ کلازس پر ۲۸ تک امنڈمنٹس آسکتے ہیں - ۳۰ کو جنرل ڈسکشن ہوگا -

Consideration of the report of the Select Committee on the Hyderabad District Boards Bill, 1952, will be taken up after the conclusion of the consideration of the Tenancy Bill.

مجھے بتایا گیا ہے کہ آج ہی کی میٹنگ میں ڈسٹرکٹ بورڈز بل کے لئے مہلت چاہی جا رہی ہے- غالباً ختم ڈسمبر تک مہلت چاہی جا رہی ہے - لیکن وہ کیس ابھی میرے پاس نہیں آیا ہے- ٹیننسی بل کے بعد اس بل پر غور کیا جائیگا -

The Business Advisory Committee is of opinion that the Select Committee on the Hyderabad District Boards Bill, 1952, be requested to complete their deliberations by the end of September 1953. The consideration of the following Bills will be concluded by 25-9-1953.

(*i*) L. A. Bill No. XIX of 1953 the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill, 1953.

(*ii*) L. A. Bill No. XXIV of 1953 the Hyderabad Land Improvement Bill, 1953.

۲۵ سپٹمبر تک ان بلوں کو پاس کیا جائیگا -

For this session questions scheduled to be answered on Saturdays will be answered on Mondays in addition to questions scheduled for Mondays. If necessary, half-an-hour more will be allotted on Mondays for this purpose.

سیٹر ڈے کے سوالات منڈے کو آئینگے - اور ضرورت ہوتو ڈیڑھ گھنٹہ سوالات کے لئے دیا جائیگا -

میں رول (۶۲) پڑھکر سناتا ہوں -

As soon as may be, after the report has been made to the Assembly, a motion may be moved by a member of the Committee designated by the Speaker "That this Assembly agrees with the allocation of time proposed by the Committee in

regard to such and such a Bill or Bills," and if such a motion is accepted by the Assembly, it shall take effect as if it were an Order of the Assembly.

Shri Shripadrao Newasekar (Aurangabad): Sir, I beg to move:

"That this Assembly agrees with the allocation of time proposed by the Business Advisory Committee in regard to the following business:—

(*i*) L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill, 1953;

(*ii*) L. A. Bill No. XXIV of 1953, the Hyderabad Land Improvement Bill, 1953;

(*iii*) L. A. Bill No. I of 1953, the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Bill, 1953

and

(*iv*) L. A. Bill No. XXXIX of 1952, the Hyderabad District Boards Bill, 1952.

This Assembly also agrees with the daily hours of business and also the number of working days in a week as proposed by the Committee."

Mr. Speaker: The Question is:

"That this Assembly agrees with the allocation of time proposed by the Business Advisory Committee in regard to the following business:—

(*i*) L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill, 1953;

(*ii*) L. A. Bill No. XXIV of 1953, the Hyderabad Land Improvement Bill, 1953;

(*iii*) L. A. Bill No. I of 1953, the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Bill, 1953

and

(*iv*) L. A. Bill No. XXXIX of 1952, the Hyderabad District Boards Bill, 1952.

This Assembly also agrees with the daily hours of business and also the number of working days in a week as proposed by the Committee."

The motion was adopted.

Statement by Shri B. Ramakrishna Rao re : Ban on processions, Meetings, etc., in Medak.

Shri Guruva Reddy (Siddipet) : Mr. Speaker, Sir, The hon. Chief Minister has promised to make a statement today.

The Chief Minister (*Shri B. Ramakrishna Rao*) : Sir, I am ready.

مسٹر اسپیکر سر - کل یہاں ایک اڈجرنمنٹ موشن(Adjournment motion)
پیش ہوا تھا - اسکی نامنظوری کے بعد میرے چند آنریبل دوستوں نے اسمبلی سے
پروٹسٹ میں واک اوٹ بھی کیا - میں واک اوٹ کے جواز یا عدم جواز یا اسکی
پروپرائیٹی (Propriety) یا اسپروپرائیٹی(Impropriety)
پر بحث کرنا نہیں چاھتا - اسکی ضرورت بھی نہیں ھے - اس سے پہلے ھی میں نے ھاؤس
سے وعدہ کیا تھا کہ جس کیس کے سلسلے میں اڈجرنمنٹ موشن آیا ھے اسکے بارے میں
واقعات معلوم کرکے ھاؤس کے سامنے پیش کرونگا - اسلئے میں صرف اسی پر اکتفا کرتا
ھوں کہ جو واقعات بتلائے گئے ھیں انہیں کی وضاحت کروں باقی چیزیں چھوڑ دیتا ھوں
ھاؤس کی صوابدید پر - ان آنریبل ممبرس کی صوابدید پر جو ایسے موقعوں پر اپنے کنڈکٹ
(Conduct) کو ریگولیٹ (Regulate) کرتے ھیں -

میدک میں اس میں شک نہیں کہ میونسپل الکشنس ھورھے ھیں - میدک کے
ڈی - ایس - پی - کی رپورٹ پر میں نے خاص طور پر ڈی - آئی - جی کو یہاں سے بھیجا
کہ وھاں کے واقعات معلوم کرکے تفصیلی رپورٹ پیش کریں - انکے بیان کی بناء پر میں
ھاؤس کے سامنے یہ اسٹیٹمنٹ (Statement) دے رھا ھوں -

واقعہ یہ ھے کہ وھاں سکشن ۱۴۴ نافذ نہیں ھوا ھے - نہ تو کلکٹر نے ایسا
آرڈر دیا ھے اور نہ مجسٹریٹ نے میٹنگس یا پروسیشنس کو بیان (Ban) کیا تھا
یہ واقعہ ھی صحیح نہیں ھے - جو واقعہ ھوا ھے وہ یہ ھے کہ پولس ایکٹ کی دفعہ (۲۳)
کے تحت وھاں ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے آرڈر پر اے - ایس - پی نے ایک حکم
جاری کیا تھا کہ جو کوئی پروسیشنس نکالنا چاھتے ھیں یا میٹنگس کرنا چاھتے ھیں وہ
قبل از قبل اسکی اجازت لے لیں - دفعہ ۲۳ ڈسٹرکٹ پولیس ایکٹ کے تحت یہ محکوم ھے
کہ پولیس کا کوئی عہدہدار ڈی - ایس - پی کی اجازت سے یہ حکم جاری کرسکتا ھے -
اسکو اس بارے میں جورسڈکشن ھے - اس دفعہ کے تحت یہ حکم جاری کیا گیا - یہ
اس کا بیک گراؤنڈ (Background) ھے - میں اسکی بھی وضاحت کرنا چاھتا
ھوں کہ اس قسم کے آرڈر کی ضرورت کیوں محسوس ھوئی - کل جو تقریریں ھوئیں میں
مشکور ھوں میرے ان آنریبل دوستوں کا جو اپوزیشن میں ھیں کہ انہوں نے یہاں
پروٹسٹ کیا اور اڈجرنمنٹ موشن لایا - انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ الکشنس یا

بائی الکشنس یا میونسپل الکشنس میں کہیں بھی حکومت نے سکشن ۱۴۴ نافذ نہیں کیا ۔ بلکہ اسکے برخلاف یہ حکم جاری کیا کہ پولیس کو ٹھیک طور پر بندوبست رکھنا چاہئے اور پروسیشنس کے ساتھ پولیس کو رہکر انتظام کرنا چاہئے ۔ بہر حال پولیس نے جو حکم جاری کیا تھا اس کی ضرورت بھی اسلئے پیش آئی کہ اس سے پہلے جوگی پیٹھ میں میونسپل الکشنس کے موقع پر یہ دیکھا گیا کہ ایک پارٹی جس جگہ اپنا جسلہ کرنا چاہتی اور اپنے انتظامات کرلیتی ہے وہاں دوسری پارٹی کے لوگ موجود ہو جاتے اور پہلی پارٹی کے مائک پر قبضہ کرلیکر اپنی میٹنگ شروع کردیتے ۔ اس طرح دونوں پارٹیز میں کلاش (Clash) ہونے لگتا ایسے ہی پروسیشنس (Processions) وہاں بھی نکالنے میں یہ ہوتا کہ کانگریس پارٹی کا پروسیشن شمال سے جنوب کی طرف آرہا ہو تو کمیونسٹ سوشیلسٹ یا کسی اور رائیول پارٹی (Rival party) پارٹی کا پروسیشن اسی وقت جنوب سے شمال کی سمت آتا ۔ نتیجتاً لا اینڈ آرڈر مینٹین کرنا مشکل ہو جاتا ۔ ایک دوسرے کو برا بھلا کہا جاتا ۔ اور ایسا بھی ہوا کہ مجمع بڑا ہونے کی صورت میں گالی گلوج کی نوبت بھی آگئی ۔ ایسے موقعہ پر لاٹھی چارج وغیرہ کی نوبت بھی آسکتی ہے ۔ لیکن ایسا واقعہ ہوا تو نہیں ۔ غرض ڈی ۔ ایس ۔ پی کو جوگی پیٹھ کے تجربہ کے بعد یہ محسوس ہوا کہ میدک میں جہاں کمیونسٹ پارٹی اور کانگریس پارٹی کے کینڈیڈیٹس الکشنس کے لئے کھڑے ہیں اور بہت دلچسپی اور جوش و خروش کے ساتھ الکشن کیمپین جاری ہے تو انکو احتمال ہوا کہ وہ پروسیشنس یا میٹنگس اگر ایک ہی مقام پر ایک ہی جگہ کرنا چاہیں اور اس طرح تصادم ہو جائے تو لا اینڈ آرڈر مینٹین کرنا مشکل ہے ۔ اسلئے انہوں نے یہ آرڈر دیا کہ پروسیشنس نکالنا یا میٹنگ کرنا ہو تو پہلے ہی اجازت لے لیجائے اور وقت اور مقام کا نشچے (निश्चय) کرلیا جائے ، تاکہ اس طرح ایک دوسرے میں تصادم کا موقعہ نہ پیدا ہو ۔ سکشنس ۲۳ پولیس ایکٹ کے تحت یہ حکم دیا گیا ۔ چنانچہ حکم دینے کے بعد دونوں پارٹیز کی جانب سے درخواستیں پیش ہوئیں اور اجازتیں بھی حاصل کی گئیں ۔ اور میٹنگس بھی چل رہی ہیں ۔ لیکن کل جس طریقہ پر ہاؤس میں اڈجرنمنٹ موشن اس بارے میں پیش کیا گیا اسکو نظر میں رکھتے ہوئے میں نے ڈی ۔ آئی ۔ جی کو اس ہدایت کے ساتھ وہاں روانہ کیا کہ بہر صورت کوئی ایسی قید لگانا یا رسٹرکشن عائد کرنا میرے خیال میں الکشنس کے دوران میں کچھ اچھی نظر سے نہیں دیکھا جائیگا ۔ اسلئے میں نے ڈی ۔ آئی ۔ جی کو ہدایت دی کہ ڈی ۔ ایس ۔ پی کے حکم سے اے ۔ ایس ۔ پی نے جو آرڈر دیا تھا اسکو کینسل (Cancel) کردو ۔ چنانچہ انہوں نے اس آرڈر کو کینسل کردیا اور اب کسی اجازت کا لزوم باقی نہیں ہے ۔ ایک دن اس پر عمل ہوا تھا ۔ اسکے باوجود میں نے حکم دیا کہ پولیس کا بندوبست زیادہ رکھا جائے اور اگر ایک ہی جگہ دونوں پارٹیوں کے لوگ میٹنگ کریں اور کلاش (Clash) کی نوبت آئے جس سے امن میں خطرہ پیدا ہو جائے تو ضابطہ کی کارروائی کرنی چاہئے ۔ اس ہدایت کے

ساتھ میں نے آرڈر کینسل کروادیا ہے - مجھے اس کا یقین ہے کہ دونوں پارٹیز الکشن کیمپین میں الکشنس ختم ہونے تک لا اینڈ آرڈر میں کسی طرح کا بھی خلل پیدا نہ ہونے دینگی - اسلئے میں نے یہ آرڈر دیا ہے کہ پابندی اٹھالی جائے چنانچہ اٹھادی گئی ہے۔

L.A. Bill No. XXIV of 1953, the Hyderabad Land Improvement Bill, 1953.

Mr. Speaker: Let us now proceed to item No. 2 on the Agenda, the Hyderabad Land Improvement Bill, 1953.

Shri L. K. Shroff (Raichur) *:* I had not finished my speech yesterday, I had just begun.

Mr. Speaker: I thought the hon. Member had finished his speech yesterday.

Shri L. K. Shroff: I had just begun. ಅಧ್ಯಕ್ಷ ಮಹಾಶಯರೇ, ಈ ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಮಸೂದೆಯು ಒಂದು ದಿನವಾದರೂ ಮುಂಚಿತವಾಗಿ ಬಂದಿಲ್ಲ ಎಂದು ಹೇಳಬೇಕಾಗಿದೆ. ಈ ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಮಸೂದೆಯು ನಿಜವಾಗಿ ನೋಡಿದರೆ ಇದಕ್ಕೆ ಮುಂಚಿತವಾಗಿಯೇ ಬರಬೇಕಾಗಿತ್ತು. ತುಂಗಭದ್ರ ಆಣೆಕಟ್ಟಿನಂತಹ ಮಹಾಯೋಜನೆಗಳಿಗಾಗಿ ನಮ್ಮ ಸಂಸ್ಥಾನದ ಸರಕಾರವು ಯೋಜನೆಗಳನ್ನು ಪೂರ್ಣಗೊಳಿಸಲು ತನ್ನ ಶಕ್ತಿ, ಸಂಪತ್ತನ್ನೆಲ್ಲಾ ಉಪಯೋಗ ಮಾಡುತ್ತಿರುವ ಕಾಲದಲ್ಲಿ ಭೂಮಿಗಳನ್ನು ಒಕ್ಕಲುತನದ ದೃಷ್ಟಿಯಿಂದ ಸುಧಾರಿಸಿ ಅದರಿಂದ ಆಹಾರ ಹೆಚ್ಚು ಬೆಳೆಯುವ ಮಾರ್ಗವನ್ನು ಹಿಡಿಯಲು ಈ ಮಸೂದೆಯಿಂದ ಸಹಾಯವಾಗುತ್ತದೆ. ಏಕೆಂದರೆ ತುಂಗಭದ್ರ ಮುಂತಾದ ಯೋಜನೆಗಳು ಬರುವುದರಿಂದ ಎಷ್ಟೋ ಖುಷ್ಕಿ ಜಮೀನುಗಳು ತರಿಯಾಗಿ ಮಾರ್ಪಡಿಸಲ್ಪಡುತ್ತವೆ. ಸಂಸ್ಥಾನದಲ್ಲಿ ಈ ತರಹದ ಯೋಜನೆಗಳಿಂದ ಎಷ್ಟರಮಟ್ಟಿನ ಫಲವನ್ನು ಪಡೆಯಬಹುದೆಂಬುದನ್ನು ವಿಚಾರ ಮಾಡಬೇಕಾಗುತ್ತದೆ. ಇಂತಹದರಲ್ಲಿ ಸರ್ಕಾರವು ತನ್ನ ಯೋಜನೆಗಳ ಪ್ರಕಾರ ಒಂದು ಶಿಸ್ತಿನಿಂದ ಒಂದು ಕ್ರಮದಿಂದ ನಡೆಯಿಸಬೇಕಾದರೆ ಸಾಕಷ್ಟು ಅವಕಾಶವನ್ನು ಪಡೆದಿರಬೇಕಾಗುತ್ತದೆ.

ನಾವು ತುಂಗಭದ್ರ ಯೋಜನೆಯ ವಿಷಯವಾಗಿ ವಿಚಾರಮಾಡಿದರೆ ಗೊತ್ತಾಗುವುದೇನೆಂದರೆ ಜುಲೈ ಒಂದನೇ ತಾರೀಖಿನಿಂದ ತುಂಗಭದ್ರ ಆಣೆಕಟ್ಟಿನಿಂದ ನೀರು ಹನ್ನೆರಡು

ಪೈಲಿ ದೂರ ಹರಿಯುತ್ತದೆ ಎಂದು ಸರ್ಕಾರದವರು ಹೇಳಿದರು ಮತ್ತು ಇದರಿಂದ ೬೦೦೦ ಎಕರೆಗಳು ತರಿಯಾಗುವುದೆಂದು ಹೇಳಿದರು ಆದರೆ ನಿನ್ನೆ ತಾನೇ ಕೃಷಿ ಶಾಖಾ ಸಚಿವರು ಈ ವರುಷ ೭೦೦೦ ಎಕರೆಗಳು ಮಾತ್ರ ತರಿಯಾಯಿತೆಂದು ತಿಳಿಸಿದರು ಮತ್ತು ಉಳಿದುದನ್ನು ಸಾಗುವಳಿ ಮಾಡುವುದಕ್ಕೆ ಕೆಲವು ಅಡ್ಡಿಗಳೂ ಬಂದವೆಂದೂ ಹೇಳಿದರು. ಈ ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಮಸೂದೆಯು ಈ ಮುಂಚಿತವಾಗಿ ಒಂದು ಕಾನೂನು ರೂಪದಲ್ಲಿ ಬಂದಿದ್ದರೆ ಅದರ ಸಹಾಯದಿಂದ ಈಗ ಕಂಡುಬರುವ ಅಡಚಣೆಗಳನ್ನು ದೂರಮಾಡಬಹುದಾಗಿತ್ತು. ಸುಮಾರು ೪೦೦೦ ಎಕರೆ ಭೂಮಿಯಲ್ಲಿ ಯಾವ ಬೆಳೆಯನ್ನು ನಾವು ಬೆಳೆಯಲಾರದೆ ಹೋದೆವು. ಇದಕ್ಕಾಗಿ ನಾನು ಹೇಳುವುದೇನೆಂದರೆ ಈ ಮಸೂದೆಯು (Not a day too soon) ಒಂದು ದಿನವೂ ಮುಂಚಿತವಾಗಿ ಬಂದಿಲ್ಲ ಆದರೂ ಈಗ ಬಂದಿದೆ ಇದಕ್ಕಾಗಿ ಸಂತೋಷ ಸ್ವಾಗತ. ಈ ಮಸೂದೆಯಲ್ಲಿ ಒಂದೆರಡು ಅಂಶಗಳು ಸ್ವಲ್ಪ ದೋಷಗಳಿಂದ ಕೂಡಿದೆ ಎಂದು ನನಗನಿಸುತ್ತದೆ. ಮಸೂದೆಯ ನಾಲ್ಕನೆಯ ಕಲಮು (Section) ನಲ್ಲಿ ಸುಧಾರಣೆಯ ಯೋಜನೆಗಳನ್ನು ತಯಾರಿಸಲು ಮತ್ತು ಅವುಗಳನ್ನು ಜಾರಿಗೆ ತರಲು ಮೂರನೆಯ ಕಲಮಿನಲ್ಲಿ ತೋರಿಸಿದಂತೆ ಒಂದು ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸಬಹುದೆಂದು ಹೇಳಿದೆ. ಈ ಭೂಸುಧಾರಣೆಯ ಸಮಿತಿಗೆ ರಾಜಸ್ವ ಮಂಡಲದ ಒಬ್ಬ ಸದಸ್ಯ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ನೀರಾವರಿಯ ಮುಖ್ಯ ಇಂಜನೀಯರ, ಅರಣ್ಯಗಳ ಮುಖ್ಯ ಕನ್‌ಸರ್‌ವೇಟರ್ ಮತ್ತು ಕೃಷಿ ಶಾಖೆಯ ಡೈರೆಕ್ಟರ ಇವರುಗಳು ಸದಸ್ಯರು, ಈ ರೀತಿ ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಸಮಿತಿ ಏರ್ಪಡುತ್ತದೆ. ಆದರೆ ಇದರಲ್ಲಿ ಜನತೆಯ ಅಭಿಪ್ರಾಯವನ್ನು ಬಿಂಬಿಸುವ ಯಾವ ವ್ಯವಸ್ಥೆಯೂ ಕಾಣಬರುವುದಿಲ್ಲ. ಕೇವಲ ಅಧಿಕಾರಿಗಳ ಒಂದು ಸಮಿತಿ ಹೀಗಾಗುವುದರಿಂದ ಈ ಮಸೂದೆಯಲ್ಲಿ ಹೇಳಲಾದ (Schemes) ಜಾರಿಯಲ್ಲಿ ತರುವುದರಲ್ಲಿ ಸಾಕಷ್ಟು ಯಶಸ್ಸು ದೊರೆಯಲಿಕ್ಕಿಲ್ಲವೆಂಬ ಭಯ ಉಂಟು. ಈಗಿನ ಮನ್ವಂತರದಲ್ಲಿ ನಮಗೆ ಕಂಡುಬರುವುದೇನೆಂದರೆ, ಯಾವದೇ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಯೋಜನೆಗಳಲ್ಲಿ ಜನತೆಯ ಪ್ರತಿನಿಧಿಗಳ ಸಹಕಾರ ಬೆಂಬಲವು ಸಿಕ್ಕದಿದ್ದರೆ ಈ ಯೋಜನೆಯನ್ನು ಸಾಕಷ್ಟು ಯಶಸ್ವಿ ರೀತಿಯಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೆ ತರುವುದು ಕಷ್ಟವಾಗುತ್ತದೆ. ಇದಕ್ಕಾಗಿ ನನ್ನ ಒಂದು ಸೂಚನೆ ಏನೆಂದರೆ, ಭೂಸುಧಾರಣಾ ಸಮಿತಿಯಲ್ಲಿ ಜನತೆಯ ಪ್ರತಿನಿಧಿಗಳನ್ನು ಸೇರಿಸಿಕೊಳ್ಳುವುದು ಅತ್ಯವಶ್ಯ. ಜಿಲ್ಲೆಯ ಮಟ್ಟದಲ್ಲಿ (District level) ಸಹ ಒಂದು ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಶೇಷ ಪರಿಸ್ಥಿತಿಗೆ ಅನ್ವಯಿಸುವಂತೆ ಯೋಜನೆಗಳನ್ನು ಕಾರ್ಯರೂಪದಲ್ಲಿ ತರಲು ಸಾಧನವಾಗುತ್ತದೆ. ಒಂದು ಶಿಸ್ತಿನಿಂದ ತರುವುದಕ್ಕಾಗಿ ಈ ಏರ್ಪಾಡು ಅವಶ್ಯವೆಂದು ನನಗೆ ತಿಳಿಯುತ್ತವೆ. ಮತ್ತೊಂದು ವಿಷಯ ಏನೆಂದರೆ, ಈ ಯೋಜನೆಯನ್ನು ಜಾರಿಗೆ [ತರುವಾಗ ರೈತರು ಸ್ವತಃ ತಮ್ಮ ಭೂಮಿಗಳಲ್ಲಿ ಯೋಜನೆಯನ್ನು ಕಾರ್ಯಗತ ಮಾಡುವ ಇಚ್ಛೆ ಇದ್ದರೆ ಸರ್ಕಾರವು ಕೈಗೊಳ್ಳಬಾರದು ಎಂದು ಹೇಳುತ್ತೇನೆ. ಆಕ್ಷೇಪಣೆಗಳನ್ನು ಎತ್ತಲು ಯೋಜನೆಯು ಪ್ರಕಟನೆಯಾದ ೧೫ ದಿನಗಳ ಒಂದು ಅವಧಿಯನ್ನು ವಿಧಿಸಿದೆ. ನನ್ನ ಅಭಿಪ್ರಾಯದಲ್ಲಿ ನಮ್ಮ ಹಳ್ಳಿಯ ರೈತರು ಈಗಿನ ಒಂದು ಪರಿಸ್ಥಿತಿ, ಅದರ ವಿದ್ಯೆ, ಸಾರ್ವಜನಿಕ ವಿಷಯಗಳಲ್ಲಿ ಅವರು ತೋರಿಸುತ್ತಿರುವ ಒಂದು ತರದ ಅನಾದರ ಮುಂತಾದವುಗಳನ್ನು ನೆನೆದರೆ, ಲೆಕ್ಕಕ್ಕೆ ತೆಗೆದುಕೊಂಡರೆ, ೧೫ ದಿನದ ಒಂದು ಅವಧಿ ಸಾಕಾಗುವುದಿಲ್ಲವೆಂದು ನನಗನ್ನಿಸುತ್ತದೆ. ಅವನಿಗೆ ಕನಿಷ್ಟಪಕ್ಷ ಒಂದು ತಿಂಗಳು ಅವಧಿ ಕೊಡಬೇಕು. ಅದು ಉಚಿತ ಸಕಾರದ ಈ ಯೋಜನೆಗಳು ಸಾಧ್ಯವಾಗುವುದಕ್ಕೆ ಈ ಒಂದು ತಿಂಗಳ ಅವಧಿ ಅವಶ್ಯಕ. ಈ ರೀತಿ ಅವಕಾಶ ಕೊಡುವುದರಿಂದ

ಈ ಮಸೂದೆಯನ್ನು ಜಾರಿಗೆ ತರುವುದಕ್ಕೆ ಬಹಳ ಅನುಕೂಲವಾಗುವುವು ಎಂದು ಹೇಳಿ ನನ್ನ ಭಾಷಣವನ್ನು ಮುಗಿಸುತ್ತೇನೆ.

* شری وی۔ ڈی ۔ ڈیشپانڈے (اپا گوڑہ) ۔ مسٹراسپیکر سر۔ ہندوستان میں اور حیدرآباد سٹیٹ میں بھی اس وقت سب سے بڑا سوال جو ہے وہ زمین کا ہے ۔ زمین کو ٹھیک کرنے اور اسکی پیدا وار بڑھانے کے لئے جو بل اسمبلی میں پیش ہوا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ضروری تھا ۔ اسکی ضرورت کو ہم سب محسوس کرتے ہیں ۔ لیکن پہلے میں یہ کہونگا کہ زمین کو تو ہمیں درست کرنا ہے اور ہم ضرور کرینگے لیکن زمین کا سب سے بڑا سرمایہ اگر کوئی ہے تو وہ کاشت کرنے والا کسان ہے ۔ جو لینڈ ریفارمس بل ہاؤز کے سامنے آنے والا ہے اسکے تحت اگر ہم جوتنے والے کو زمین کا مالک بناسکیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری اسکیمس (Schemes) کامیاب ہوسکتی ہیں۔ سنہ ۱۹۴۱ ع سے کئی برس پہلے ایسا اقدام کرنے کی کوشش کی گئی لیکن ہم جانتے ہیں کہ یہ کوشش ابتک ناکام رہی ہے ۔ ناکامی کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ کسان کو ہم نے ایسے مواقع فراہم نہ کئے کہ وہ اپنی محنت کو اپنی زمین پر صرف کرسکے ۔ اس سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ جاگیرات کو ختم کرنے کا اور کسانوں کو زمین دینے کا جو نعرہ ہم نے بلند کیا تھا وہ ایسے بلس (Bills) سے پورا نہیں ہوسکتا ۔ نظام ساگر کے تحت جو اوریگیشن کی اسکیم پچھلے کئی سال سے عمل میں آرہی ہے اسکے بارے میں بہت سے ماہرین کا کہنا ہے کہ اسکے پانی سے جس طرح استفادہ کیا جانا چاہئے نہیں کیا جارہا ہے ۔ جو زمینات کاشت کے تحت لائی جاسکتی ہیں نہیں لائی گئی ہیں ۔ تنگبھدرا پراجکٹ کے تعلق سے بھی یہی کہا رجارہا ہے کہ مائینر کنالس (Minor Canals) جیسے اچھے ہونے چاہئے تھے نہیں ہیں ۔ ان مقاصد کو ایسے بل سے پورا کیا جاسکتا تو میں سمجھتا کہ واقعی یہ بل فائدہ مند ثابت ہوگا ۔ اس میں ایک اور خامی ہے وہ یہ کہ گورنمنٹ نے کوئی ذمہ داری راست طور پر اپنے آپ پر نہیں لی ہے کہ لینڈ ریوینیو ((Land Revenue)) سے اسپر خرچ کرینگے ۔ جسطرح بمبئی ایکٹ کے پری ابمل (Preamble) میں ایسی چیزوں کو صاف کردیا گیا ہے ۔ میں آپکو وہ سنانا چاہتا ہوں ۔

Whereas it is expedient to provide for the making and execution of schemes relating to the construction of tanks, embankments and other works, the prohibition and control of grazing for the purposes of preservation of soil, prevention of soil erosion, improvement of water supply and other matters in order thereby to protect lands in the province of Bombay and for charging certain expenditure on the revenue of the Province......

اس میں صاف طور پر یہ ذمہ داری قبول کی گئی ہے کہ حکومت کے پیسے میں سے کافی خرچ کیا جائیگا ۔ ایسی صورت میں ہی امپرومنٹ راست طور پر ہوگا ۔ سکشن (۱۰) میں بتایا گیا ہے کہ حکومت زمین کو درست کریگی اسکے بعد اقساط کے ذریعہ کسانوں سے پیسہ حاصل کیا جائیگا ۔ اس سلسلہ میں صاف طور پر اپنی پالیسی کو واضح کردیا جاتا تو مناسب ہوتا ۔ ایک اور چیز جسکی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ بمبئی کے ایکٹ میں یہ چیز صاف طور پر بتائی گئی ہے کہ وہاں ڈسٹرکٹ وائیز بورڈ قائم کئے جائینگے۔ یہاں بھی اوسی طرح کا لینڈ امپرومنٹ بورڈ (Land Improvement Board) ہو تو مناسب ہے ۔ ایک بورڈ سنٹر میں بیٹھکر کام کرے وہ مختلف اضلاع کی ضروریات کو شائد پورا نہ کرسکے گا ۔ حیدرآباد میں کئی ریجنس (Regions) ہیں کسی ریجن (Region) پر شائد وہ زیادہ توجہ کرے اورکسی ریجن پرکم توجہ کرے ۔ اگر ڈسٹرکٹ امپرومنٹ بورڈ رکھا جائے تو وہاں جو دیہات ہیں انکے حالات کا لحاظ رکھتے ہوئے سوچا جاسکیگا ۔ اسلئے بہتر ہوگا کہ بمبئی کی طرح یہاں بھی عمل کیا جائے اور ڈسٹرکٹ وائیز بورڈ قائم کیا جائے ۔

تیسری چیز جو بمبئی کے ایکٹ میں میں نے دیکھی وہ اس میں نہیں ہے ۔ وہ اس بورڈ کے کمپوزیشن کے سلسلہ میں ہے ۔ کمپوزیشن کے سلسلہ میں عوام کا تعاون حاصل کرنے کے لئے حکومت کو قدم اٹھانا چاہئے ۔ اس بل میں ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ آفیشل طور پر اس بورڈ کو چلایا جائیگا ۔

اسکے سب کلاز (۳) میں جو کہا گیا ہے اسکے لحاظ سے بورڈ کا کمپوزیشن حکومت کی مرضی پر رہیگا لیکن ان آفیشیل ایلیمنٹ (un-Official element) اور عوام کا تعاون حاصل کیا جاسکے گا یا نہیں اس سے واضح نہیں ہوتا ۔ بمبئی کے ایکٹ کا سکشن (۳) میں ہاؤز کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

Section 3 of Bombay Act

The Provincial Government shall constitute in each District a Board consisting of the Collector, the District Agricultural Officer, the Regional Conservator of Forests and such non-official persons not exceeding 2, as may be appointed by the Government.

بمبئی کے ایکٹ میں صاف طور پر ان آفیشیل ایلیمنٹ لینے کے بارے میں پرووِیژن رکھا گیا ۔ میں اس ایکٹ کو نمونہ کے طور پر پیش کرنا ضروری ہی نہیں سمجھتا ۔ کیونکہ یہ ایکٹ سنہ ۱۹۴۲ء میں پیش ہوا اور اس میں ترمیمات ہوتی رہیں ۔ بعد میں جب

ہماری عوامی حکومت آئی تو اوس زمانہ میں یہ محسوس کیا گیا کہ ہر بورڈ کو بھی زیادہ سے زیادہ عوام کا تعاون عمل حاصل کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ الکشن کے اصول کو اس میں لانا ضروری ہے ۔ یہاں بھی ہائز کے سامنے ڈسٹرکٹ بورڈ بل آیا ہوا ہے ۔ اسکے تحت ہر ڈسٹرکٹ بورڈ چنا جانے والا ہے۔ لیکن بورڈ کو کونسٹی ٹیوٹ (Constitute) کرتے وقت اس میں کم از کم آدھے سے زیادہ اراکین عوامی نمائندے رکھے جانے چاہئیں ۔ اگر ایسا ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاروبار میں سودھا (सुविधा) ہوگا اور آفیشیل ایلیمنٹ (Official element) اور الکٹڈ ایلیمنٹ (Elected element) جب ایک جگہ آجائینگے تو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ وہ لوگ مقامی معلومات حاصل کرکے امپروومنٹ کا کام ہاتھ میں لے سکتے ہیں ۔ اس وجہ سے اس بل کے کلاز (۳) میں مناسب ترمیم کی جائے تاکہ عوامی الیمنٹ کو اس کے ساتھ رکھا جاسکے ۔ ایک چیز یہ بھی ہے کہ کسی خاص ایریا کے بارے میں حکومت کی طرف سے انکوائری آفس (E quiry office) قائم کیا جائیگا کہ کون کونسی زمین درست کرنا چاہئے ۔ یہ آفس اسکے متعلق رپورٹ پیش کرے گا ۔ اس کے لئے بھی ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسی زمینوں کے مالکوں کا تعاون عمل حاصل کرنے کے لئے مشنری قائم کی جائے ۔ اس سلسلہ میں بہتر ہوگا کہ پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص کی ایک اڈوائزری کمیٹی (Advisory Committee) قائم کردی جائے ۔ اس کے مشورہ سے یہ طے کیا جاسکتا ہے کہ کونسی اسکیم کولینا چاہئے اور اسے کس طرح عمل میں لانا چاہئے ۔ اس میں ایک حدتک اسکی گنجائش رکھی گئی ہے کہ اسکیم آنے کے بعد عوام اس کے متعلق رائے دے سکتے ہیں ۔ لیکن اسکے قبل ہی اگر زمین کے مالکوں کی طرف سے چنی ہوئی یا نام زد کردہ کمیٹی قائم کردی جائے تو وہ انکوائری آفیسر ان سے تعاون کرکے زیادہ اچھی طرح اس اسکیم کو عمل میں لاسکیگا ۔ اس قسم کی مشاورتی کمیٹیاں اون ایریاز کے اندر جہاں یہ اسکیم لی جانے والی ہو قائم کی جاسکتی ہیں ۔ وہاں کے لینڈ ہولڈرس اپنے طور پر ایسی کمیٹیوں کے ممبرس کو نام زد کرسکتے ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ڈسٹرکٹ بورڈ میں آدھے سے زیادہ نمائندے چنے ہوئے ہوں ۔

اسکیم کے بارے میں رائے دینے کے لئے پندرہ دن کی مدت رکھی گئی ہے تاکہ کسی کو اگر یہ اسکیم پسند نہ آئے تو وہ پندرہ دن کے اندر عذارت پیش کرسکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مدت بہت کم ہے۔ خاص طور پر اس لئے کہ کسان ان پڑھ اور جاہل ہوتے ہیں ۔ اس لئے یہ جو چیز رکھی گئی ہے کہ اسکیم پبلش ہونے کے بعد اس مدت میں غور کیا جاکر رائے دینا چاہئے ۔ یہ غلط ہے ۔ اس لئے میرا سمجھاؤ یہ ہے کہ پندرہ دن کے بدلے اگر دو مہینے کی مدت ہو تو مناسب ہے ۔ کلاز (۶۶) کے تحت یہ ہے کہ اگر آدھے سے زیادہ لوگ اس اسکیم کے خلاف ناراضگی بتائیں تو بورڈ اس اسکیم کو پاس کرنے کے بدلے حکومت کے پاس بھیجیگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسی

چیزیں جہاں تک ہوسکے والنٹری بیسس (Voluntary basis) پرکی جا نی چا ہئیں اگر سختی برتی جائیگی تو نامناسب ہوگا ۔ کیونکہ آج کل کے جوکچھ حالات ہیں وہ ظاہر ہیں ۔ کسانوں کو زمین نہیں مل رہی ہے ۔ وہ لوگ ہمارے معاشی ڈھانچے سے ناخوش ہیں ۔ زمینداری ڈھانچہ ابھی تک قائم ہے ۔ آج غریب اورکسان اس قابل نہیں ہیں کہ ان سختیوں کو برداشت کرسکیں ۔ اس لئے میں محسوس کرتا ہوں کہ حتی الامکان اس کو والنٹری بیسس پر رکھنا چاہئے۔ ایسی چیزیں اون کی مرضی سے عمل میں آنی چاہئیں ۔ اس لئے اس میں یہ جو اصول رکھا گیا ہے کہ اگر آدھے سے زیادہ ممبر ناراض ہوں تو حکومت خود اس اسکیم کو پاس کرے گی اور عمل میں لائے گی نامناسب ہے ۔ میرا سجھاؤ یہ ہے کہ جس ایریا میں اس اسکیم کو عمل میں لانا ہو اوس ایریا کے کم ازکم ۲ / ۳ لوگ اگر اس کو منظور نہیں کرتے تو اس کو عمل میں نہیں لانا چاہئے ۔کیونکہ کسی مختص ایریا کے لوگوں کی دو تہائی تعداد جب تک راضی نہیں ہوگی اوس وقت تک کوئی اسکیم عمل میں نہیں لائی جاسکے گی اور وہ ناکام ہوگی ۔ اسلئے دوتہائی لوگوں کی رضامندی اس سلسلہ میں حاصل کرنامناسب ہوگا ۔ ٹیننسی بل کے سلسلہ میں کنسالیڈیشن (Consolidation) کے مسئلہ پر بھی ہم نے اپنے خیالات کا اظہارکیا تھا اور وہاں بھی ہم نے اس چیز کا اظہارکیا ایسی اسکیموں کو عوام کی رائے سے عمل میں لانا چاہئے یاکم ازکم کافی سے زیادہ رائے اون کی حاصل ہونی چاہئے ۔ تب ہی ایسی اسکیموں کو عمل میں لانا ممکن ہوسکتا ہے ۔ اس لئے میرا سجھاؤ یہ ہے کہ اس پراویژو (Proviso) کو اس طرح تبدیل کیا جائے کہ جب تک دوتہائی لوگ راضی نہ ہوں، حکومت بہ جبراً اس کو عمل میں نہیں لائے گی ۔کم ازکم دوتہائی لوگوں کا موافق ہونا ضروری ہوگا ۔ اس قسم کی اسکیمیں جب عمل میں لائی جاتی ہیں وہ اکزیکیٹیو (Executive) کی طرف سے جو سختیاں کی جاتی ہیں اون کی بہت سی شکایتیں هاؤز کے سامنے آچکی ہیں۔ آنریبل ممبرس نے شخصی طور پر ان چیزوں کو پیش کیا کہ کسطرح ایسی اسکیموں کے اکزیکیوشن (Execution) میں گڑبڑ ہوتی ہے۔ کرپشن (Corruption) تو ہوتا ہی ہے ۔ میں یہاں اس کا ذکر نہیں کرونگا ۔ لیکن دیگر طریقوں سے بھی عوام کو تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ چنانچہ شولا پور سرکٹ کے ایک آنریبل ممبر نے میرے سامنے یہ چیز رکھی تھی کہ بنڈنگ (Bunding) کے سلسلہ میں وہاں امریکن طریقہ پر کام کیا جا رہا تھا تو کسانوں نے کہا تھا کہ جو طریقہ آپ عمل میں لارہے ہیں وہ مناسب نہیں ۔ وہ مناسب تھا یا نہیں وہ عملی طور پر اون لوگوں کو معلوم ہوگا ۔ لیکن میں یہ بہتر سمجھتا ہوں کہ جو اکزیکیٹیو آفیسر جس ایریا میں اس اسکیم کو عمل میں لائینگے وہاں کے مالکان آراضی سے مشورہ لینا ضروری ہوگا ۔ اسلئے اوس کے لئے بھی پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص کی ایک کمیٹی بورڈ کی طرف سے قائم کی

جائے تاکہ اس اسکیم کے اکزیکیوشن میں مدد حاصل ہوسکے اور اون کے مشورہ سے اس اسکیم کو عمل میں لانے کی کوشش کی جاسکے ۔

ایک چیز جو میں بھول گیا تھا وہ یہ ہے کہ اس بل میں یہ چیز رکھی گئی ہے کہ اگر پچاس فیصد زمین کے مالک اس اسکیم کی مخالفت کرتے ہیں تو پھر اسکوحکومت کی طرف بھیجا جائیگا ۔ پچاس فیصد زمین کے مالک کسی ایریا میں دو آدمی بھی ہوسکتے ہیں ۔ تعلقہ گنگا پور میں ایسے بھی زمیندار ہیں جو آدھی سے زیادہ زمین کے مالک ہیں ۔ اگر وہ کہیں کہ مجھے بنڈنگ اسکیم (Bunding scheme) پسند ہے تو وہ عمل میں لائی جائیگی خواہ دیہاتیوں کی اکثریت اس پر راضی نہ ہو ۔ چونکہ ایک شخص جو تعلقہ کی آدھی سے زیادہ زمین کا مالک ہے اگر وہ کہتا ہے کہ یہ اسکیم اچھی ہے یا اچھی نہیں تو اس اسکیم کو عمل میں لایا جائیگا یا روک دیا جائیگا ۔ اس لئے میرا سجیشن یہ ہے کہ ایریا کی شرط نہ رکھتے ہوئے لینڈ ہولڈرس کی تعداد کی شرط رکھنا مناسب ہوگا ۔ دوتہائی مالکان اراضی اس سے متفق ہونے کی صورت میں اسکیم عمل میں لائی جانا چاہئے ۔ کیونکہ اگر ایسا ہو تو ایک آدھ مالک زمین ہی پوری اسکیم کو رد کرسکیگا یا قبول کرسکیگا ۔ اس اسکیم کو عمل میں لانے کے سلسلہ میں کچھ حقوق حکومت نے اپنی طرف لئے ہیں ۔ اگر عوام کی جانب سے یہ اسکیم عمل میں نہ لائی جائے تو حکومت خود اس اسکیم کو اپنی طرف سے عمل میں لائے گی ۔ اور خرچ بھی برداشت کرے گی اور بعد میں ریوینیو کی طرح اس کو وصول کیا جائیگا مجھے اس میں ایک دقت محسوس ہو رہی ہے ۔ ہمارے جو کسان پانچ دس ایکر کے مالک ہیں اور جو اپنے کھیت بھی ٹھیک طریقہ سے نہیں جوت سکتے جن کے پاس بیج کے لئے هل اور بیل لانے کے لئے پیسے بھی نہیں ہوتے ان کو اگر اس پر مجبور کیا جائے کہ اگر وہ اس اسکیم کو عمل میں نہ لائیں تو حکومت خود اس اسکیم کو عمل میں لاکر اسکا پیسہ اون سے وصول کریگی تو اون کے لئے مشکل کا باعث ہوگا ۔ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ اون کے پاس چار پانچ ایکر کا جو ٹکڑا ہوگا وہ بھی انہیں چھوڑنا پڑیگا ۔ میرا عرض کرنا یہ ہے کہ اس طرح کی سختی برتنا کس حدتک مناسب ہوگا ؟ حکومت اس اسکیم کو عمل میں لائیگی اس پر رقم خرچ کریگی اور اقساط میں لوگوں سے رقم وصول کرلیگی ۔ اسکے ساتھ ساتھ اس بل میں اس امر کی گیارنٹی بھی نہیں دیگئی ہے کہ اگر وہ رقم ادا نہ کرے تو اوسکی زمین جو چار پانچ ایکر پر مشتمل ہوگی کھینچ لینے کی نوبت نہیں آئیگی ۔ جب یہ گیارنٹی حکومت نہ دے تو ظاہر ہے کہ اوس کو اپنی زمین چھوڑ دینا پڑیگا ۔ ایسی صورت میں کسطرح کسان اس اسکیم کا ساتھ دے سکتے ہیں ۔ اگر حکومت اس پر پیسہ خرچ کرے اور کسانوں سے چھوٹے چھوٹے اقساط میں پیسہ لے تو ممکن ہے وہ اس پر راضی ہوسکینگے ۔ لیکن اسکے ساتھ ساتھ اس امر کی بھی گیارنٹی ہونی چاہئے کہ کسی بھی وجہ سے ہو اونکو اپنی زمین چھوڑنے کی نوبت آنے نہیں دیجائیگی ۔ غالباً اس چیز کو اس بل میں اسلئے رکھا گیا ہے کہ جہاں اریگیشن پراجکٹس

ھیں مثلا نظام ساگر وغیرہ کے علاقے وھاں سختی سے اس کو عمل میں لانے کے لئے رکھا گیا ھے ۔ لیکن آنریبل منسٹر اس کو واضح کریں کہ اس کے نتیجہ کے طور پر کسانوں کو اپنی زمین چھوڑنے کی نوبت نہیں آئیگی ۔ اس کلاز کو ری ڈرافٹ (Redraft) کرنے کی ضرورت ھے ۔ اسکے علاوہ رقم کی ادائی کے لئے سہل اقساط رکھنے چاھئیں ۔ اس کلاز میں انسٹالمنٹس (Instalments) کی تعداد مقرر نہیں کی گئی ھے ۔

اس کے بعد ریپرس کے سلسلہ میں پروویژن ھے ۔ اس بل کا آخری کلاز (۱۰) میں ھاؤز کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں ۔

"Any person who contravenes or causes any contravention of any of the provisions of a scheme which has come into force under Section 6, or any regulation made under Section 7, or does any act which causes damage to any of the works carried out under the scheme, or fails to fulfil any liability imposed on him under Section 12 shall on conviction be punishable with fine which may extend to Rs. 100 or with simple imprisonment for a period which may extend to one month or with both."

میں سمجھتا ھوں کہ اس کلاز کی ضرورت نہیں تھی ۔ اس میں جو ایریا بتائے گئے ھیں وہ کونسے ھیں میں ھاؤز کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں ۔ اسکے علاوہ حکومت یہ اختیار بھی لیتی ھے کہ اگر کوئی شخص اسکو عمل میں نہ لائے تو سو روپیہ جرمانہ اور امپریزنمنٹ (Imprisonment) بھی ھوسکیگا ۔ کلاز (۸) میں کہا گیا ھے کہ اگر کسی کام کو عمل میں نہ لایا گیا تو حکومت خود اس کام کو اپنے ھاتھ میں لیکر کریگی اور اوسکے پیسے ریوینیو کے طور پر وصول کریگی ۔ جب یہ پروویژن موجود ھے تو پھر اوس پر سختی کرنے یا عمل میں نہ لانے کی صورت میں فائن (Fine) وغیرہ کرنے کی کیا ضرورت ھے ۔ اوسکے علاوہ اگر کوئی دوسرا آدمی اسکو ڈیمیج (Damage) پہنچائیگا تو اوسکو بھی سزا دیجائیگی میں سمجھتا ھوں کہ اسکی بھی ضرورت نہیں تھی ھمارے پاس اس کے لئے معمولی قانون موجود ھے ۔ اگر کوئی میرے گھر کی دیوار کو نقصان پہنچاتا ھے تو میں قانونی چارہ کار اختیار کرسکتا ھوں ۔ خاص طور پر پروویژن رکھنے کی ضرورت نہ تھی ۔ ریپیرس (Repairs) کے سلسلہ میں کلاز (۱۲) سب کلاز (۲) میں یہ ھے کہ :-

"If any such person fails to maintain or repair the work within the time fixed by the Tahsildar under Sub-Section (1) the Tahsildar shall himself get the work executed or repaired and recover the cost thereof from such person.

ریپر کے لئے ایک انتظام رکھا گیا ھے اگر کسان خود نہ کرے تو حکومت کرے گی اور اسکے اغراض کلاز (۱۰) میں بتلائے گئے ھیں ۔ لیکن جب لینڈ ریوینیو کے طور پر

حکومت اپنا خرچہ وصول کرلیگی تو پھر سزا دینے کا سوال پیدا کرنا میں مناسب نہیں سمجھتا ۔ یہ میژرس (Measures) والنٹریلی (Voluntarily) عمل میں لائے جائیں تو زیادہ فائدہ مند ہوسکتے ہیں ۔ اگر والنٹری ایلیمنٹس زیادہ رکھے جائیں اور حکومت اور کسان باہم مل کر کام کریں تو اس اسکیم کو عمل میں لایاجاسکتا ہے ۔ لیکن یہاں سختی کا نظریہ قائم کیا گیا ہے اور کلاز (۱۰) ایک تعزیری دفعہ معلوم ہو رہا ہے ۔ وکلاء صاحبان اسکے متعلق بتلاسکتے ہیں کہ یہ کیسا دفعہ ہے ۔ لیکن میں محسوس کر رہا ہوں کہ کلاز (۱۰) مناسب نہیں ہے اسکو نکال دیا جانا چاہئے ۔

یہی چند چیزیں تھیں جو میں اس ایکٹ کے سلسلہ میں عرض کرنا چاہتا تھا ۔ لیکن میں حکومت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایسے قوانین جنکا لاکھوں کروڑوں لوگوں سے تعلق ہوتا ہے وہ لائے جاتے ہیں اور چار پانچ دن یا ایک ہفتہ کے اندر ان کے بارے میں رائے دینے کے لئے کہا جاتا ہے ۔ کسانوں کے حالات اور دیگر اسٹیٹس کے قوانین کی روشنی میں اسکو دیکھنے کا موقع نہیں رہتا ۔ اس بل کے خلاف مجھے کچھ کہنا نہیں ہے لیکن میں ضرور یہ کہونگا کہ اس کا چونکہ ہزاروں لاکھوں لوگوں سے تعلق ہے اسلئے قانون بننے سے پہلے تمام پارٹیوں کو باہمی طور پر بحث کرنے کا موقع دیا جائے تو زیادہ مناسب ہے ۔ میں نے بمبئی ایکٹ پڑھنے کی کوشش کی لیکن کوئی ترمیم نہ دے سکا حالانکہ کئی پراویژنس ترمیم طلب ہیں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ تمام پارٹیز سے کنسلٹ (Consult) کیا جائیگا ۔ چیف منسٹر صاحب نے ایک کمیٹی میں یہ وعدہ کیا تھا کہ تمام پارٹیز سے بات چیت کرکے قانون بنایا جائیگا ۔ خیر اس قانون کے لئے موقع نہ ملا ہوگا لیکن آئندہ ایسا کیا جائے تو مناسب ہے ۔ آخر میں مجھے اس ایکٹ کے تعلق سے یہی کہنا ہے کہ اسکو زیادہ سے زیادہ والنٹری (Voluntary) بنایا جائے ۔

*شری گوپال راؤ اکبوٹے (چادر گھاٹ) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ لینڈ امپروومنٹ (Land Improvement) کے سلسلہ میں جو بل پہلی خواندگی کے لئے پیش ہوا ہے اس پر دو چار اعتراضات کئے گئے ہیں ۔ اس پورے بل کے ڈھانچہ پر اگر غور کیا جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے آفیشلس (Officials) پر مشتمل ایک بورڈ بنایا جائیگا جہاں سے اس اسکیم کا آغاز ہوتا ہے ۔ وہ انسٹرکشنس (Instructions) دینگے کسی ایسے آفیسر کو (ان خصوص اغراض کے لئے جنکا دفعات میں تذکرہ ہے) اسکیم کا ڈرافٹ (Draft) تیار کریگا ۔ یہ اسکیم ڈرافٹ ہونے کے بعد کلکٹر کے پاس جائیگی اور کلکٹر انکوائری آفیسر مقرر کریگا اور وہ مقرر کردہ انکوائری آفیسر جن لوگوں پر اس اسکیم کا اثر پڑتا ہے انکے اعتراضات سننے کے بعد اسکو ماڈیفائی (Modify) کرکے کلکٹر کے پاس پھر واپس بھیجے گا ۔ کلکٹر اس پر اپنا اکسپلینیٹری نوٹ (Explanatory note) لکھکر اسکو بورڈ کے پاس بھیجے گا اور بورڈ اسکو اپرو

(Approve) کریگا یا ریجیکٹ (Reject) کریگا جیسی کہ صورت ہو۔ اسکے بعد ایک اگزیکیٹیو آفیسر (Executive Officer) ہوگا جسے اس اسکیم کو اکزیکیوٹ کرنے کے لئے بھیجا جائیگا اور اس اسکیم کا اکزیکیوشن ہونے کے بعد اس میں جو خرچہ ہوتا ہے اکزیکیٹیو آفیسر ہی ان لوگوں سے جنکی کہ زمین سدھاری گئی ہے مناسب اقساط میں پیسہ وصول کریگا ۔ یہ بعد کی بات ہے کہ اسکو مینٹین کرنے کے لئے ایک مینٹیننس آفیسر (Maintenance Officer) یا ایسی ہی کوئی دوسری مشنری رہیگی ۔ اسطرح قدم قدم پر اس مشنری کے پرزے علحدہ علحدہ ہیں جو بورڈ سے لیکر مینٹیننس آفیسر تک ایک مکمل ڈھانچہ بناتے ہیں ۔

اس بل کو سرسری طور پر پڑھنے کے بعد پہلا ایڈیا (Idea) یہ آتا ہے کہ جس طرح کمپلسری ایجوکیشن کی بنیاد رکھی گئی ہے وہی ایڈیا حکومت کا یہاں بھی ہے ۔ لینڈ امپرومنٹ کے اسکیمس صرف دو ہی طریقوں سے عمل میں لائے جاسکتے ہیں۔ ایک توکوآپریٹیو بیسس (Co-operative basis) یعنی باھمی تعاون پر چھوٹے چھوٹے کاشتکار ملکر ایک اسکیم تیار کریں اور والنٹری طریقہ پر اسکو اختیار کیا جائے تاکہ لینڈ کو امپروو (Improve) کر کے اپنی زندگی سنواریں یا دوسرا طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ گورنمنٹ اس کام کو خود اپنے ھاتھ میں لیکر اسکیم کو پایہ تکمیل کو پہنچائے ۔ یہ دونوں صورتیں ایسی ہیں جن پر برسوں پہلے سے کافی تجربہ کیا جاچکا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کئی اور جگہوں کی حکومتوں کی طرح ہماری حکومت بھی اسکو اختیار کر رہی ہے ۔ لیکن معاملہ کو لوگوں پر چھوڑنے سے کام نہیں چلے گا اور نہ لوگ اتنی بڑی ذمہ داری لے سکتے ہیں ۔ یہ ہمارا تجربہ ہے کہ وہ کلیتاً ذمہ داری اپنے کاندھوں پر لیکر اسکیم کو پورا نہیں کرسکتے ۔ اسلئے ان اسکیمات کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اس کمپلشن (Compulsion) کے عنصر کو اس قانون میں داخل کیا گیا ہے ۔ اس سلسلہ میں چند اور سجیشنس (Suggestions) میں آنریبل منسٹر کو دینا چاہتا ہوں اور جو اعتراضات کئے گئے ہیں انکی طرف خود ان آنریبل ممبرس کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جنہوں نے کہ اعتراض کیا ہے ۔

اونر (Owner) کے تعلق سے اگر وہ ڈیفینیشن (Definition) ملاحظہ کرتے تو انہیں وہ اعتراض نہوتا جو انہوں نے کیا ہے ۔ اونر کی تعریف میں مالک (مشترکاً ہو خواہ منفرداً) کے علاوہ پٹہ دار ۔ شکمی دار اور پروٹکٹڈ ٹیننٹ (Protected tenant) کو بھی داخل کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے جو اعتراض کیا گیا ہے۔

شری وی ۔ ڈی دیشپانڈے ۔ میرا اعتراض یہ تھا

"Provided that if the owners of more than fifty per cent. of the area of the land included in the scheme...."

ایریا پر زور ہے نہ کہ ہولڈر پر۔

شری گو پال راؤ ا کبو ٹے - میں اس طرف آرها هوں - دوسرا اعتراض جو کیا گیا تها وہ کلاز ۱۰ پرتها - اس سلسله میں میں یه عرض کرنا چاهتا هوں که جس بل میں بنیادی طور پر کمپلشن کے عنصر کو تسلیم کیا گیا هے وہ کسی حدتک زیادہ بهی هوسکتا هے اس سے خود حکومت کا تصور یه هے که کمپلشن کے ذریعه جبتک جرم قرار نه دیا جائے کوئی کام نهوگا جیسا کہ پرائمری ایجوکیشن کے سلسله میں کیا گیا - جب کمپلشن کی تهیوری (Theory) کو قبول کیا جاتا هے تو ظاهر هے که کلاز ۱۰ پر کوئی اعتراض نهونا چاهئے -

اونر کے تعلق سے جیسا که معزز دوست نے کہا نصف کو دوتہائی کیا جائے - بہت ممکن هے که ایک هی صاحب کی اتنی زیادہ زمین هو اور یه بهی هوسکتا هے که وہ راضی هوں یا نہوں - اس سلسله میں میں آنریبل ممبر کے غور کے لئے ایک هی چیز کہنا چاهتا هوں - جب هم بنیادی طور پر اس چیز کو قبول کرلیتے هیں که کمپلشن کے ذریعه هی بهوبهی سدهار هوسکتا هے تو اس میں دوتہائی کیا اور نصف کیا اس کمپلشن کی تهیوری کو قبول کرنے کے بعد اسکو ایک دروازہ سے بلاکر دوسرے دروازہ سے نه نکالنا چاهئے - ایسا کرنا اس قانون کو بیکار کردینے کے مترادف هوگا - اگر اس تهیوری کو مانتے هیں تو یه ایک بات هے اور اگر نہیں مانتے تو یه دوسری بات هے - ورنه اگر لوگوں کے هاتهوں هی میں آپ انیشیٹیو (Initiative) رکھتے هیں تو یه کہا جاسکتا هے که وہ جب هوسکتا هے خود بخود کرلینگے اور زمین کی سدهار هوجائیگی - لیکن اس معامله میں آج تک همارا یه تجربه هے که جبتک کمپلس کا ایلمنٹ (Element) نهو بهوبهی سدهار نہیں هوسکتا - اسلئے کمپلشن کے سنٹرل ایڈیا (Central idea) کو قبول کرنے کے بعد اس بحث میں زیادہ توت نہیں هوگی اور اگر هوگی تو وہ اس بل کی اسپرٹ کے خلاف هوگی - آنریبل ممبر اس بات پر سنجیدگی سے غور کریں که جو چیز ایک هاتھ سے دیجا رهی هے وہ دوسرے هاتھ سے نه لیجائے - تب هی اس اسکیم کو عمل میں لانے سے زیادہ فائدہ هوگا -

اب میں چند چیزیں اس معزز ایوان کے غور کے لئے رکھنا چاهتا هوں - کمپلشن هی کے ذریعه زمین سدهار هوسکتا هے اور هم کمپلشن کو برداشت بهی کرلیتے اگر سرکار هی پیسه لگاتی لیکن اس میں چند کلازس ایسے بهی هیں جن کے لحاظ سے کاشتکار سے مالگزاری کے طور پر بقایا وصول کیا جائیگا جیسا که میں نے کسی اور موقع پر بهی کہا هے - جہاں تک هوسکے کوئرشن مکسڈ وتھ پرسویشن (Coersion mixed with persuasion) هونا چاهئے - اگر هم یه راسته چلیں تو میں سمجھتا هوں که یه زیادہ اثر انداز هوسکتا هے - آنریبل منسٹر بهی اس رائے سے متفق هونگے که زمین سدهار کی اسکیم کو حقیقی معنوں میں عملی جامه پہنانا هوتو اسپر ایک ریلسٹ (Realist) کی نظر سے دیکھنا چاهیئے اور اس مقصد کے لئے جبتک هم لوگوں کا کوآپریشن - ولنگ کوآپریشن (Willing Co-operation) حاصل نہیں کرتے اس قانون کا مقصد حاصل

اور یہ سیکولاجیکل اٹموسفیر پیدا کیا جائے کہ کاشتکار یہ سمجھنے لگے کہ اسکیم اوس نے خود تیار کی ہے - یہ اوسکی ہی اسکیم ہے -

اس اسکیم میں فنی آدمی کا زیادہ اثر و اختیار رہے گا لیکن اسکے ساتھ ساتھ جو لوگ متاثر ہونے والے ہیں اور صاحب اثر ہیں انکی تین یا پانچ اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی بناکر انکے تفویض یہ کام کیا جائے تو وہ کافی پرچار کرینگے اور یہ محسوس کرینگے کہ یہ گورنمنٹ ہمارے ہی نمائندوں کی ہے - یہ پاپولر گورنمنٹ ہے اور یہ فنی آدمی ہماری مدد کے لئے دئے گئے ہیں -

یہ پہلی سوچنا میں آنریبل منسٹر کے سامنے رکھنا چاہتا تھا کہ اسکیم بنانے والا جو ایک آفیسر رکھا گیا ہے اسکی بجائے ایک کمیٹی بنائی جائے جس میں آفیشیل اور نان آفیشیل نمائندے ہونے چاہئیں - اس طرح اگر پبلک کے نمائندوں کو بھی حصہ لینے کا موقع دیا جائے تو انہیں یہ احساس ہوگا کہ اسکو ہمنے ہی بنایا ہے یہاں ایسا ہے کہ ایک صاحب اسکیم بنائینگے - ایک منظور کرینگے - ایک اکزیکیوشن کرینگے - میرے خیال میں اس سے فائدہ نہیں ہوگا - اگر فائدہ پہنچانا ہے تو اس اسکیم کا بنانے والا وہی آدمی ہونا چاہئیے جو آئندہ اسکو تکمیل کرے - مینٹین کرے - اس میں ایک سائیکلاجیکل (Psychological) اثر ہوتا ہے جس سے اس بل کا منشاء پورا ہوگا -

دوسری سوچنا (सूचना) میں نمرتا پوروک (नम्रतापूर्वक) یہ دونگا کہ اس طرح کمیٹی تیار ہونے کے بعد اسکیم کی منظوری پر اکزیکیوشن بھی اسی کے تفویض کردیا جائے - مینٹیننس کی حدتک یہ ہوسکتا ہے کہ اڈمنسٹریٹیو سائیڈ اور لوگوں کے مفاد کی سائڈ ہے اسکو بائی فرکیٹ (Bifurcate) کیاجائے - پیورلی (Purely) اڈمنسٹریٹیو (Administrative) یا اکزیکیوٹیو (Executive) امور ایک کے تفویض کردئے جائیں بقیہ امور جیسے آبجکشن کی سماعت ، ماڈیفائی کرنے یا امپلیمنٹ کرنے کا تعلق ہے وہاں پبلک الیمنٹ (Public element) کا ہونا ضروری ہے اس وقت لوگوں کا تعاون ملسکتا ہے - معزز ایوان نے دیکھا ہے کہ پنچ ورشی یوجنا (पंचवार्षिक योजना) پر جو تنقیدیں ہوتی ہیں اس میں ایک تنقید یہ بھی ہوتی ہے کہ اگر پنچ ورشی یوجنا کو کامیاب بنانا ہے تو اس کے لئے پبلک کا ولنگ کوآپریشن (Willing Co-operation) حاصل کرنا ہوگا - لوگوں کو در اصل یہ معلوم ہونا چاہئیے کہ اس سے ہمارے ولیج اور خود مجھکو فائدہ ہوگا - تب ہی وہ اس کے لئے محنت کرسکتے ہیں اپنا کیپیٹل (Capital) انوسٹ (Invest) کرسکتے ہیں - وہی چیز اس لینڈ امپرومنٹ بل کے سلسلے میں ہونی چاہئیے - میری تیسری سوچنا یہ ہے کہ اسکیم کو بنانے سے لیکر ایکزیکیوشن تک جہاں تک ممکن ہو ایک ہی کمیٹی سے کام لیا جانا زیادہ اچھا ہوگا -

ایک چیز میں اس میں عجیب پاتا ہوں ۔ کلاز ۲۰ یہ ہے کہ

" The Government and subject to the control of the Government, the Board or the Collector may delegate to any officer any of the powers conferred on it or him by or under this Act."

اس طرح جو مختلف پاورس ایکٹ کے لحاظ سے پرسنل ڈسگنیٹ (Personal designate) دئے گئے ہیں ان سے متعلق اس دفعہ میں ذکر کیا گیا ہے ۔ اسکے معنی یہ ہوسکتے ہیں کہ اسکیم کے تیار کرنے سے اکزیکیوشن تک کلکٹرس یا اکزیکیٹیو آفیسرس یا دوسرے نا معلوم اشخاص کو ایسے پاورس ڈلیگیٹ کئے جائینگے ۔ یہ اصول بنیادی لیجسلیشن (Legislation) کے منافی ہوتا ہے ۔ اسلئے میں نہایت ادب کے ساتھ آنریبل منسٹر کی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے یہ کہونگا کہ کلاز ۲۰ کو ازمٹ (Omit) کرنا چاہئیے اور اگر وہ اسکو کسی اڈمنسٹریٹیو پوائینٹ آف ویو (Administrative point of view) سے رکھنا چاہتے ہیں تو وہ اس کی صراحت کریں ۔

